36397 ـ رقم كےعوض ترقياتي بنك سے حصول قرض ميں اپني باري چھوڑنا

سوال

ميرے بھائي نے ترقياتي بنك ميں حصول قرض كےليےدرخواست دے ركھي اور ابھي تك اپني باري كا انتظار كررہا ہے تو كيا اس كےليےجائز ہے كہ مجھ سے اپني باري كےعوض كچھ رقم لے اور اپني باري مجھے دے دے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

ترقياتي بنك ميں اپني باري مال كےعوض چھوڑ دينےميں كوئي حرج نہيں اس ليے كہ يہ مالي حق كوچھوڑنا ہے، اور مالي حقوق عوض ميں فروخت كرنے جائز ہيں، ليكن اس ميں ترقياتي بنك كي اجازت ضروري ہے، لھذا جب بنك اجازت دے دے اور دونوں فريق اس پر متفق ہوجائيں كہ وہ اس كي جگہ لينے كےليے مال دے گا تواپسا كرنا جائز ہے اور اس ميں كوئي حرج نہيں.

واللہ اعلم .